(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## پریس ریلیز

## سیاست

## عمومی سیاسی آراء

# 55% پاکستانی افغانستان میں طالبان کی حکومت سے خوش ہیں۔ خیبر پختونخواہ، مردوں میں، شہری علاقوں اور بوڑھے لوگوں میں سب سے زیادہ حمایت پائی گئی:


**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**

اسلام آباد، 14 ستمبر، 2021

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 55% پاکستانیوں کے مطابق وہ اس بات سے خوش ہیں کہ طالبان اب افغانستان کے حکمران ہوں گے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"بعض لوگ خوش ہیں کہ طالبان اب افغانستان کے حکمران ہوں گے۔ بعض اس بات سے خوش نہیں۔ آپ کی کیا رائے ہے ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 55% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے خوش ہیں کہ طالبان اب افغانستان کے حکمران ہوں گے، 25% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے ناخوش ہیں کہ طالبان اب افغانستان کے حکمران ہوں گے، 16% جوابدہندگان کو اس حوالے سے معلوم نہیں، جبکہ 4% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

***" بعض لوگ خوش ہیں کہ طالبان اب افغانستان کے حکمران ہوں گے۔ بعض اس بات سے خوش نہیں۔ آپ کی کیا رائے ہے؟"***





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


## شہری اور دیہی علاقوں کے اعتبار سے :

شہری علاقوں میں رہنے والوں (20% ) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے زیادہ تر افراد (28%) اس بات سے ناخوش ہیں کہ طالبان اب افغانستان کے حکمران ہوں گے۔





## صوبے کے اعتبار سے :

دیگر صوبوں میں رہنے والوں کی نسبت خیبر پختونخواہ میں رہنے والے زیادہ تر افراد (65%) اس بات سے خوش ہیں کہ طالبان اب افغانستان کے حکمران ہوں گے۔




## جنس کے اعتبار سے:

خواتین (36%) کی نسبت زیادہ تر مرد حضرات (58%) اس بات سے خوش ہیں کہ طالبان اب افغانستان کے حکمران ہوں گے۔




## عمر کے اعتبار سے :

30 سال سے کم عمر کے افراد (52%) یا 30 سے 50 سال کے درمیان کی عمر کے افراد (55%) کی نسبت زیادہ تر وہ بوڑھے افراد جن کی عمر 50 سال سے زائد (68%) ہے اس بات سے خوش ہیں کہ طالبان اب افغانستان کے حکمران ہوں گے ۔




گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 2170 مرد و خواتین سے 13 اگست 2021 تا 05 ستمبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2+ لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, September 14, 2021**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2021

celebrating 41 years of Gallup Pakistan (1980-2021)